**14.04.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ..................کلیم احمد

**Music**

☆ بھارتیہ جنتا پارٹی نے لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کردیا ہے۔ اِس میں پارٹی نے یکساں سول کوڈ، ایک ملک ایک الیکشن اور ایک واحد انتخابی فہرست کے علاوہ پی ایم غریب کلیان اَنّ یوجنا کے تحت اگلے پانچ سال کیلئے مفت راشن فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے آج پارلیمنٹ کمپلیکس میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن کے **134** ویں یوم پیدائش پر اُن کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔

☆ بھارت نے اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے اور خطے میں امن وسلامتی کیلئے تناؤ کو فوراً کم کرنے کی اپیل کی ہے۔

☆ دفاعی تحقیق وترقی کے ادارے **DRDO** اور بھارتی فوج نے ہتھیاروں کے نظام ٹینک شکن گائیڈیڈ میزائل کی کامیابی کے ساتھ آزمائش کی۔ اِسے ملک میں ہی تیار کیا گیا ہے اور یہ آسانی کے ساتھ کوئی بھی فوجی لے جاسکتا ہے۔

☆ اور...... آئی پی ایل کرکٹ میں آج کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ لکھنؤ سپرجائنٹس سے ہوگا جبکہ ممبئی انڈینس کا مقابلہ چنئی سپرکنگس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev BJP Manifesto**

بھارتیہ جنتا پارٹی **BJP** نے آج نئی دلی میں پارٹی ہیڈکوارٹر میں آئندہ لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنا منشور جاری کیا جسے انہوں نے 'سنکلپ پتر' کا نام دیا ہے۔ اِس میں پارٹی نے یکساں سول کوڈ، ایک ملک ایک الیکشن اور ایک واحد انتخابی فہرست کا وعدہ کیا ہے۔

یہ منشور بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی کی موجودگی میں جاری کیا گیا۔ اِس موقع پر پارٹی صدر جے پی نڈا، پارٹی کے سینئر لیڈران راجناتھ سنگھ، امت شاہ اور نرملا سیتارمن بھی موجود تھیں۔

’سنکلپ پتر‘ میں بی جے پی نے ’پی ایم غریب کلیان اَنّ یوجنا‘ کے تحت اگلے پانچ سال کیلئے مفت راشن فراہم کرنے کو جاری رکھنے اور بزرگ شہریوں کا احاطہ کرنے کیلئے ’آیوشمان بھارت یوجنا‘ کو وسعت دینے کا بھی وعدہ کیا ہے۔

’سنکلپ پتر‘ میں دیہی خواتین کو بااختیار بناکر ’3 کروڑ لکھ پتی دیدیز‘ پر توجہ دینا ہے اور ’پی ایم سوریہ گھر یوجنا‘ کے ساتھ بجلی کے بل کو بالکل ختم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ پارٹی نے دنیا میں ملک کو ’تیسری سب سے بڑی معیشت‘ بنانے کے ساتھ ساتھ اُسے ایک عالمی مینوفیکچرنگ مرکز بنانے کا بھی وعدہ کیا ہے۔

اپنے انتخابی منشور میں بی جے پی نے کہا ہے کہ ’گگن یان‘ کو خلا میں بھیجا جائے گا جو بھارت کی پہلی انسانی خلائی پرواز ہوگی اور چاند پر ایک خلاباز بھی اترے گا۔ پارٹی نے ’بھارتی انترکش اسٹیشن‘ بنانے اور ملک کے لیے دوسرے لانچ کمپلیکس کو شروع کرنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔

منشور میں موسم کے نام سے ایک قومی ماحولیاتی مشن شروع کرنے کا بھی وعدہ کیا گیا ہے تاکہ بھارت کو ہر قسم کے موسم اور آب وہوا کے اثرات سے نمٹنے کے لیے تیار کیا جاسکے۔

شمال مشرقی خطے میں امن برقرار رکھنے کے بارے میں بی جے پی نے اپنے ’سنکلپ پتر‘ میں کہا ہے کہ پارٹی متاثرہ علاقوں میں معاملات سے نمٹنے کے لیے کوششیں جاری رکھے گی اور مرحلہ وار طریقے سے **AFSPA** کو ہٹا دے گی۔ پارٹی نے ٹھوس کوششوں کے ذریعہ شمال مشرقی ریاستوں میں بین ریاستی سرحدی تنازعات حل کرنے کے لیے مزید کام کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یہ ’سنکلپ پتر‘ نوجوانوں، خواتین، کسانوں اور غریبوں کو بااختیار بناتا ہے جو ایک ترقی یافتہ ملک کے چار مضبوط ستون ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ ’سنکلپ پتر‘ میں زندگی کی عظمت اور معیار زندگی پر توجہ دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی نے **70** سال سے زیادہ عمر کے بزرگ شہریوں اور تیسرے صنف کے لوگوں کو ’آیوشمان بھارت یوجنا‘ کے دائرے میں لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سابقہ سرکاروں کے لیے شہرکاری ایک چیلنج تھا لیکن بی جے پی کے لیے یہ ایک موقع ہے، کیونکہ وہ نئے سیٹلائٹ شہر قائم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے کبھی بھی ملک کے مفاد میں بڑے اور سخت فیصلے لینے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں دکھائی۔

## PM Tribute Ambedkar

ملک آج بھارت کے آئین کے معمارِ اعلیٰ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج پارلیمنٹ کے احاطے میں ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر کے **134**ویں یومِ پیدائش پر ان کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔ انھوں نے اس موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد بھی دی۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ بابا صاحب امبیڈکر نے ایک قانون داں، ماہر تعلیم، ماہر معاشیات، سماجی مصلح اور سیاسی رہنما کی حیثیت سے ملک اور سماج کے تئیں غیرمعمولی خدمات انجام دیں۔ انھوں نے لوگوں سے ملک کی

جامع ترقی کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر کے افکار و نظریات کو اجتماعی طور پر اپنانے کی اپیل کی۔
نائب صدر جمہوریہ نے بھی لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ ڈاکٹر امبیڈکر کے خیالات کو اپنائیں اور ایک منصفانہ اور مساوی معاشرے کے اُن کے نظریے کو حقیقت بنانے کے لیے کام کریں۔
اسی دوران وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کے اعلیٰ نظریے کے ساتھ بھارت کی شبیہ آج پوری طرح مختلف ہے۔ انھوں نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کے وژن نے ملک کی ترقی کے لیے ایک تحریک فراہم کی۔ جناب مودی نے کہا کہ آج میک اِن انڈیا، اسمارٹ سٹی مشن، مُدرا یوجنا، اسٹارٹ اپ انڈیا اور اسٹینڈ اپ آنڈیا جیسے اقدامات سے ملک میں سبھی کی مشوملیت والی ترقی اور صنعت کاروں کو فروغ دینے کے ڈاکٹر بی آرمیڈکر کے وژن کو تقویت فراہم ہو رہی ہے۔

## Mallikarjun Kharge

کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے آج سہ پہر مہاراشٹر کے ناگپور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ یہ جلسہ ناگپور لوک سبھا حلقے سے کانگریس پارٹی کے امیدوار ایم ایل اے وِکاس ٹھاکرے کی حمایت میں منعقد کیا جارہا ہے۔
اِس سے پہلے جناب کھڑگے دِکشا بھومی جائیں گے جہاں وہ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو اُن کے 133ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کریں گے۔
بی جے پی کے سینئر لیڈر امت شاہ بھی آج سہ پہر بھاندرا- گونڈیا لوک سبھا حلقے کے لیےعظیم اتحاد یا Mahayuti کے امیدوارسنیل Mendhe کے لیے انتخابی مہم میں شرکت کرنے کی غرض سے بھاندرا ضلع کے Sakoli میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔

## J& K Election Poling

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں پارلیمانی انتخابات میں رائے دہندگان کی بھاری تعداد کو یقینی بنانے کے لئے چناؤ حکام نے تمام بوتھ سطح کے افسروں سے کہا ہے کہ وہ ووٹ ڈالنے سے 5 سے 7 دن پہلے رائے دہندگان کیلئے ووٹر سلپ کی صد فیصدتقسیم کو یقینی بنائیں۔ جموں میں آکاشوانی کے نامہ نگار نے بتایا کہ اس سے انہیں اپنے پولنگ اسٹیشنوں کا پتہ لگانے اور آسانی سے فہرستوں میں سیریل نمبر کا بھی پتہ لگانے میں مدد ملے گی۔ کیونکہ اگر رائے دہندگان کا ووٹر کارڈ گُم ہوتا ہے تو اُس وقت یہ سود مندثابت ہوگا۔ بھاری تعداد میں رائے دہندگان کی تعداد کو یقینی بنانے کے لئے ووٹر سلپ کے ساتھ لوگ اپنے پولنگ اسٹیشنوں سے براہ راست رجوع کریں گے۔ انہیں کسی فہرست کو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ ان کے نام وہاں رجسٹرڈ ہوں گے۔
اس سے ووٹنگ میں آسانی ہوگی اور وقت میں بھی بچت ہوگی۔ جموں کشمیرکے اعلیٰ انتخابی افسر پی کے پال مرکز کے زیرانتظام علاقے میں اس طرح کے تمام انتظامات کی نگرانی کررہے ہیں، جہاں پانچ پارلیمانی حلقے ہیں، جن میں اودھمپور، ڈوڈہ، جموں،

Reasi ، اننت ناگ ۔ پنچھ۔ راجوری، سری نگراوربارہمولہ شامل ہیں البتہ ووٹنگ سے پہلے عوام میں اعتماد کو یقینی بنانے کے لئے مسلح مرکزی پولیس فورسز اور جموں کشمیر پولیس فلیگ مارچ کرے گی۔ مستقل طورپر گشت کو تیز کرے گی۔ حساس علاقوں میں تلاشی کی کارروائیاں انجام دے گی تا کہ ملک دشمن عناصر پر نظر رکھی جاسکے، جس سے کہ عوام میں اعتماد بڑھے۔

اودھمپور ڈوڈہ پارلیمانی سیٹ پر 19 اپریل کو پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے اس کے بعد 26 اپریل کو جموں۔Reasi میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اننت ناگ۔ پنچھ۔ راجوری حلقے میں تیسرے مرحلے میں سات مئی کو پولنگ ہوگی جبکہ سری نگر میں تیرہ مئی کو چوتھے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے اور بارہمولہ میں بیس مئی کو پانچویں مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔

## Cong Reax BJP Manifestivs

کانگریس نے الزام عائد کیا ہے کہ لوک سبھا انتخابات کے لئے آج جاری بی جے پی کا انتخابی منشور جھوٹ کا پلندہ ہے۔ نئی دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، پارٹی لیڈر سپریا Shrinate نے کہا بی جے پی کے اس منشور میں روزگار فراہم کرنے سے متعلق کوئی منصوبہ شامل نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ MSP کے لئے قانونی ضمانت اور مہنگائی کو کم کرنے جیسے مسائل پر بی جے پی کا منشور خاموش ہے۔

## J&K Vehiculer Traffic

جموں وکشمیر میں تازہ برفباری کے بعد، جموں ڈویژن میں سرحدی ضلعوں راجوری اور پونچھ کوکشمیر وادی میں شوپیاں ضلع کے ساتھ جوڑنے والی تاریخی مغل روڈ کو، مزید احکامات تک، موٹر گاڑیوں کی آمدورفت کے لئے بند کردیا گیا ہے۔

آکاشوانی کے جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کشمیر وادی کو جموں ڈویژن اور ملک کے بقیہ حصوں سے جوڑنے والی متبادل قومی شاہراہ کو'' پیر کی گلی'' سمیت کئی مقامات پر تازہ برفباری کی وجہ سے بند کردیا گیا ہے۔

تازہ برفباری اور مسلسل خراب موسمی حالات کے پیش نظر ، آج سے اگلے احکامات تک، مغل روڈ پر ٹریفک کی کوئی آمدورفت نہیں ہوگی۔

## MEA Iran Israil

وزارت خارجہ نے اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر آج سخت تشویش کا اظہار کیا۔ وزارت نے کہا کہ اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی دشمنی سے ملک کو شدید تشویش ہے کیونکہ اس سے خطے میں امن وسلامتی کو خطرہ ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ وہ بدلتی ہوئی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور خطے میں سفارت خانے، بھارتی برادری کے ساتھ قریبی رابطے میں ہیں۔ کشیدگی کو فوری طور پر کم کئے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے وزارت نے خطے میں امن واستحکام کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ دونوں ممالک تشدد کو ترک کرکے سفارتکاری کا راستہ اپنائیں۔

## Israil Iran  GCC Dubai Statmant

خلیجی تعاون کاؤنسل GCC کے سکریٹری جنرل Jasem محمد Albudaiwi نے ایک بیان میں، تعاون پر مبنی اور سفارتی وسیلوں کے ذریعہ علاقائی سکیورٹی برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ ایک بیان میں سبھی متعلقہ فریقوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ ، کشیدگی میں مزید اضافے سے بچنے کی غرض سے صبروتحمل کا مظاہرہ کریں کیونکہ اس سے علاقائی استحکام اور شہریوں کی زندگیوں کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مل کر کام کرنے اور سفارتی طریق کار اختیار کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ تنازعات کو حل کیا جاسکے اور خطے میں دیر پا امن کو یقینی بنایا جاسکے۔ بین الاقوامی برادری کے اہم کردار کو اجاگر کرتے ہوئے جناب البدائیوی نے کشیدگی میں مزید اضافے کے خوفناک نتائج کے امکان پر زوردیا۔

## iran Attack Israel India

ایران کی طرف سے سینکڑوں ڈرونز، بیلسٹک میزائل اور کروز میزائل داغے جانے کے بعد آج صبح سویرے اسرائیل میں فضائی حملے کے سائرن کی آوازیں سنائی دیں۔ ایران میں 1979 میں آئے اسلامی انقلاب کے بعد سے دونوں ملکوں کے درمیان کئی دہائیوں سے جاری دشمنی کے باوجود ایران کی طرف سے اسرائیل پر یہ پہلا براہ راست فوجی حملہ ہے۔

اسرائیل کے فوجی ترجمان نے بتایا کہ ایران نے اسرائیل پر متعدد ڈرونز، کروزمیزائل اور بیلسٹک حملے کیے۔ ان حملوں میں سے زیادہ تر کو اسرائیل کی سرحدوں سے باہر ہی ناکام بنا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جنگی طیاروں نے اسرائیلی ہوائی حدود کے باہر ہی 10 سے زیادہ کروز میزائلوں کو روکا۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے میزائل اسرائیل میں گرنے میں کامیاب ہوگئے۔

امریکی فوجوں نے اسرائیل کی جانب داخل ہونے والے کچھ ایرانی ڈرونز کو مار گرایا۔ امریکی دفاعی افسروں کے مطابق بہت سے ملکوں اور اقوام متحدہ کے سربراہ نے اس حملے کی مذمت کی ہے۔

## US Education

امریکہ میں، صدر جوبائیڈن انتظامیہ مزید 2 لاکھ 6 ہزار قرضداروں کیلئے، طلباء کے قرضوں کو منسوخ کررہی ہے۔ ایسا قرض کی معافی کی غرض سے، ایک تیز تر وسیلہ پیش کرنے والے، قرض کی واپسی سے متعلق ایک نئے منصوبے کے تحت کیا جارہا ہے۔

امریکی محکمۂ تعلیم نے اپنے SAVE منصوبے کی پیشرفت کے سلسلے میں قرض کی منسوخیوں سے متعلق تازہ ترین راؤنڈ کا اعلان کیا ہے۔ اس تازہ ترین منصوبے کے ساتھ، محکمہ تعلیم نے اب، قرض کی واپسی کے اس نئے منصوبے کے ذریعہ، تقریباً 3 لاکھ 60 ہزار قرضداروں کے لیے قرضوں کی منسوخی کو منظوری دے دی ہے۔

## DRDO ANTI TANK MISSILE

دفاعی تحقیق وترقی کے ادارے DRDO اور بھارتی فوج نے ہتھیاروں کے نظام ٹینک شکن گائیڈڈ میزائل کی کامیابی کے ساتھ آزمائش کی۔ اس میزائل کو آسانی سے فوجی بھی لے جاسکتے ہیں اور اسے ملک میں ہی تیار کیا گیا ہے۔ وارہیڈ یعنی میزائل کی

کل راجستھان میں پوکھران فیلڈ فائرنگ رینج سے کامیابی کے ساتھ آزمائش کی گئی اور یہ جدید تکنیک سے لیس ہے، جسے دن اور رات میں کسی بھی وقت حملے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے اور اس کے علاوہ یہ میزائل دشمن کے اہم جنگی ٹینک کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے میزائل کے نظام کی کامیاب آزمائش کے لئے ڈی آر ڈی او اور بھارتی فوج کی ستائش کی ہے اور اسے جدید ٹکنالوجی پر مبنی دفاعی نظام کی ترقی میں خود کفالت حاصل کرنے کی جانب ایک اہم قدم بتایا ہے۔

## IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات چنڈی گڑھ کے مہاراجہ یدویندرسنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس نے پنجاب کنگس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔ راجستھان رائلس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ پنجاب کنگس نے مقررہ بیس اوورس میں **8** وکٹ پر **147** رن بنائے، جس کے جواب میں راجستھان رائلس نے **19** اوورس پانچ گیندوں میں سات وکٹ کے نقصان پر جیت کا نشانہ حاصل کرلیا۔

آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں سہ پہر ساڑھے تین بجے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا سامنا لکھنؤ سپرجائنٹس سے ہوگا۔ ایک دیگر میچ میں ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے ممبئی انڈینس کا مقابلہ چنئی سپرکنگس سے ہوگا۔

☆☆☆